06/05/2025

12.30 PM

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

عارف حسین سے خبریں سُنیے۔ اب آپ

مشق

مرکزی وزارت داخلہ نے ریاستوں سے کہا ہے کہ وہ سول ڈیفنس تیاریوں کا جائزہ لینے کی غرض سے کل یعنی 7مئی کو فرضی مشقیں منعقد کریں۔

مرکزی داخلہ سیکریٹری گووند موہن اس سلسلے میں آج ریاستوں کے چیف سیکریٹریوں کے ساتھ ایک ویڈیو کانفرنس کرنے والے ہیں۔

فرضی مشق کا مقصد کسی بھی نازک صورتحال کے دوران لوگونکو بچاؤ اور حفاظت کیلئے تیار کرنے کی ایک سرگرمی ہوتی ہے اور یہ اکثر جنگی صورتحال کے پیش نظر کی جاتی ہے۔

سیز فائر

پاکستانی فوج کی طرف سے سرحدی علاقوں میں فائر بندی معاہدے کی خلاف ورزیوں کا سلسلہ لگاتار جاری ہے۔تازہ واقعات میں پاکستانی فوجیوں نے کپواڑہ ، بارہمولہ ، پونچھ ، راجوری ، مینڈھر ، نوشہرہ ، سندر بنی اور اکھنو ر سیکٹروں میں سرحد پار سے فائرنگ کی ۔

دفاعی ذرائع نے بتایاکہ اس گولی باری میں چھوٹے درجے کے ہتھیاروں کو استعمال کیا گیا جس کا بھارتی جوانوں نے بھی موثر اور بر وقت جواب دیا۔

CMملاقات

پروجیکٹ بیکن کے چیف انجینئر برگیڈئیر چراغ گُھورا نے سرینگرمیں وزیراعلیٰ عمر عبداللہ سے ملاقات کرکے انہیں سات مئی کو وزیر دفاع کی آن لائن میٹنگ میں شرکت کرنے کی دعوت دی۔

اس دوران سابق ائر وائس مارشل کپل کاک نے بھی وزیر اعلیٰ سے ملاقات کی۔

ملاقات

ویلفیئر ایسو سی ایشن کے ایک مشترکہ وفد نے راج بھون سرینگر OBCاننت ناگ سول سوسائٹی ، سماجی کارکنان اور میں لیفٹنٹ گورنر منوج سنہا سے ملاقات کی۔

سول سیکریٹریٹ سرینگرمیں کل کئی وفود نے نائب وزیراعلیٰ سریند رکمار چودھری سے ملاقات کرکے ان کی دانست میں اپنے مسائل و مطالبات لائے۔

نائب وزیر اعلیٰ نے سبھی وفود اور افراد کے مسائل غور سے سننے کے بعد انہیں یقین دلایا کہ جائزمطالبات کو بر وقت حل کیا جائے گا۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے سرینگر میں اعلیٰ سطح کی ایک میٹنگ کے دوران مختلف محکموں میں انفارمیشن ٹیکنالوجی کے سیکٹر میں مختلف اقدام کی پیش رفت کا جائزہ لیا، جن میں بھاشکر اچاریہ نیشنل انسٹی چیوٹ فار سپیس اپلیکیشنزاینڈ جیو انفارمیٹکس کا سرگرم تکنیکی تعاون شامل حال ہے۔

اقدامات ITچیف سیکریٹری نے خدما ت کی ڈیلوری میں بہتری لانے اور صارفین کیلئے سہولیت یقینی بنانے کی غرض سے کا جائزہ لیا۔

صوبائی کمشنر

ڈویژنل کمشنر کشمیر وجے کمار بدھوری نے نور باغ سرینگرمیں سیویج ٹریٹمنٹ پلانٹ کا بر سر موقعہ معائینہ کیا ۔ یہ میگا پلانٹ شہر سرینگر کے ایک تہائی حصے کے ڈرینج نظام کو بہتربنائے گا۔

صوبائی کمشنر نے اس اہم پلانٹ کے باقی ماندہ کاموں کو مئی کے آخر تک مکمل کرنے کی ڈیڈ لائن رکھی۔

سرینگر

کالج سرینگرمیں وزیر اعظم آواس یوجنا (شہری2.0) کے SP ڈپٹی کمشنر سرینگر ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ کی ہدایت پر تحت سروے کرنے سے متعلق ایک جانکاری پروگرام منعقد کیاگیا۔

پروگرام کے دوران فیلڈ عملے کو ،ضلع کے بے گھر کنبوں کا صحیح سروے کرنے کی نسبت سے ضروری جانکاری دی گئی۔

شوپیان

ڈپٹی کمشنر شوپیان ششیر گپتا نے افسروں کی ایک میٹنگ میں ضلع کے ہیلتھ سیکٹر کا تفصیلی جائزہ لیا۔

میٹنگ میں صحت مراکز کیلئے نئی عمارتونکی تعمیر // زچہ و بچہ کی صحت سے جڑی سہولیات // ڈائیا لسز//تشخیصی خدمات // اور قومی ہیلتھ پروگراموں کی عمل آوری جیسے امور کا تفصیلی جائزہ لیا گیا ۔

کولگام

سرکاری کام کاج میں بہتری لانے اور ڈیجیٹل گورننس بڑھانے کی غرض سے ضلع انتظامیہ کولگام کی جانب سے سرکاری ملازمین کیلئے ای آفس نظام سے متعلق ایک تربیتی پروگرام منعقدکیاگیا ۔

کولگام الطاف احمد خان کی نگرانی میں منعقد ہ اس پروگرام کے ذریعے متعلقہ ملازمین کو ای آفس پلیٹ فارم کے ADDC کام کرنے کے طریقونکی نسبت سے ضروری جانکاری دی گئی۔

کپواڑہ

ضلع ترقیاتی کمشنر کپواڑہ آیوشی سُدن نے متعلقہ افسرونکی ایک میٹنگ میں ایسپائریشنل ڈسٹرکٹ پروگرام کے اہم مدوں کی کار کردگی کا جائزہ لیا۔

ڈپٹی کمشنر نے افسروں پر زور دیا کہ وہ مختلف سماجی سلامتی اسکیموں کا دائرہ کار بڑھانے کیلئے سرگرمی کے ساتھ کام کریں۔

بانڈی پورہ

کی کار کردگی کو نئی رفتار دینے کی غرض MSME ضلع ترقیاتی کمشنر بانڈی پورہ منظور احمد قادری کی صدارت میں سے ایک جانکاری ورکشاپ کا انعقاد کیاگیا۔

اس موقعے پر ان اسکیموں کی اہمیت اجا گر کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا گیا کہ سرکار ابھرتے کار خانہ داروں کی معاونت کیلئے ہمہ وقت دستیاب ہے۔

عالمی دن

یعنی دمے کی بیماری کے بارے میں جارنکاری پیدا کرنے کیلئے عالمی دن ہے۔ یہ دن ہر سال مئی کی پہلی Asthma آج منگلوار کو ہوتاہے۔

جتندر سنگھ

سائنس اور ٹیکنالوجی کے مرکزی وزیر ڈاکٹر جتندر سنگھ نے ٹیکنالوجی بھون دلی میں ڈیپارٹمنٹ آف سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کی کار گذاری کا تفصیلی جائزہ لیا۔

انہوننے مصنوعی ذہانت کے زیر سایہ اختراعات کی بات کرتے ہوئے ڈِیپ ٹیک اسٹارٹ اپس کی حمایت کی۔

خدا حافظ

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ

…………………………………………………

……………………………

…………

…….